سوال

(39) ترتیب نزولی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن کریم کی سورتوں اور آیات کی ترتیب کیسے مکمل ہوئی ؟ نیز قرآن مجید کی سب سے آخر میں نازل ہونے والی آیت کون سی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن کریم کی آیات کی ترتیب توفیقی ہے یعنی رسول اللہ ﷺ خود ہی یہ فرمایا کرتے تھے کہ اس آیت کو فلاں سورت میں شامل کردو۔ سورتوں میں سے بعض کی ترتیب توفیقی ہے اور بعض کی اجتہادی ہے یعنی جن سورتوں کی ترتیب رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہے وہ توفیقی ہے مثلا سورۂ بقرہ اور آل عمران کہ نبی ﷺ ہمیشہ انہیں ملا کر پڑھا کرتے تھے کیونکہ ان کی فضیلت بہت زیادہ ہے ۔ اس طرح آپ سورة الاعلی اور الغاشیہ کو اور الجمعہ اور المنافقوں کو بھی ملا کر ہمیشہ ملا کر پڑھا کرتے تھے یعنی جن سورتوں کی ترتیب نبی ﷺ سے ثابت ہے وہ توفیقی ہے اور جن کی ترتیب نبی ﷺ سے ثابت نہیں ہے ان کی ترتیب میں صحابہ کرام نے اجتہاد سے کام لیا ہے مگر ہمیں اس بات کا حق حاصل نہیں ہے کہ ہم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے متفقہ اجتہاد سے اعراض کریں بلکہ ہمیں قرآن کریم کی موجود ترتیب ہی پابندی کرنی چاہیے ۔

رہی یہ بات کہ قرآن کریم کی سب سے آخر میں کون سی آیت نازل ہوئی ؟ تو اس کے بارے میں اختلاف ہے ۔ بعض نے کہا ہے کہ سب سے آخر میں نازل ہونے والی آیت یہ ہے :

الیَومَ أَكمَلتُ لَكُم دينَكُم وَأَتمَمتُ عَلَيكُم نِعمَتى وَرَضيتُ لَكُمُ الإِسلـٰمَ دينًا ... ٣ ... سورة المائدة

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص43